Asylum Advice

سیکشن 2:

اسکریننگ انٹرویو سے پہلے

سیکشن 2:
اسکریننگ انٹرویو سے پہلے

Asylum Screening 2.1 (اسائلم اسکریننگ) کا تعارف

Home Office ہوم آفس اس بات پر کاربند ہے کہ آپ کی عمر، معذوری، تہذیب، قومیت، نسل، صنف، جنسی رغبت، مذہب اور خیالات کسی بھی قسم کی تفریق کئے بغیر اس سے عزت، وقار، اور انصاف سے پیش آئے۔

United Kingdom Visas and Immigration (UKVI) یونائیٹڈ کنگڈم کا ویزا اور امیگریشن کا محکمہ جو کہ (UKVI) بھی کہلاتا ہے، Home Office ہوم آفس کا حصہ ہے، یہ محکمہ (UK) Government یونائیٹڈ کنگڈم کی گورنمنٹ کا حصہ ہے اور یہ محکمہ آپ کی اسائلم کی درخواست پر غور کرنے کا ذمہ دار ہے اس محکمہ کے لئے لازمی ہے کہ اس بات کا فیصلہ کرے کہ کیا آپ اپنے آبائی وطن میں واقعی خطرے سے دوچار ہیں اور کیا آپUK یو-کے میں بین الاقوامی تحفظ کے ضرورتمند ہیں۔

اسائلم کے طریقِ کار کے مختلف مراحل ہیں، ان میں کتنا وقت لگے گا اس کا دارومدارآپ کے ذاتی حالات پر ہوگا لیکن جب تک آپ کا کیس زیرِغور رہے گا آپ کو UK یو-کے سے نہیں نکالا جائے گا۔

پہلا مرحلہ عموماً اسکریننگ انٹرویو پر مبنی ہوتا ہے جب آپ اسائلم کی درخواست کرتے ہیں اسی وقت یہ انٹرویو ہوتا ہے۔

اسکریننگ انٹرویو کا اولین مقصد یہ ہوتا ہے کہ آپ کی شناخت کی جاسکے، یہ دیکھا جا سکےکہ آپ UK یو-کے کیسے پہنچے اورآپ کی کیا خصوصی ضروریات ہوسکتی ہیں۔

اسکریننگ کے مرحلہ میں آپ نے بس بنیادی سوالوں کے جواب ہی دینا ہوں گے۔

آپ کا تفصیلی انٹرویو یعنی اسائلم سے متعلق پورا انٹرویو بعد میں دی گئی کسی تاریخ کو ہوگا۔ تفصیلی انٹرویو کے دوران آپ کو یہ بتانا ہوگا کہ آپ اورآپ کا گھرانہ UK (یو-کے) میں کیوں اسائلم حاصل کرنا چاہتے ہیں اور کون سی وجوہ ہیں جن کی وجہ سے آپ حفاظت کی درخواست دے رہے ہیں۔ اسائلم کے لئےاسکریننگ کے طریقِ کار کا مقصد یہ ہے کہ آپ کی اسائلم کی درخواست کا اندراج ہوسکے، آپ کے بارے میں ایک توآپ کی تمام ذاتی معلومات کا اندراج ہوسکے اور دوسرے آپ کے حالات کے بارے میں {1}مختصر اور{2}اہم سوالات پوچھے جاسکیں۔ آپ سے یہ بھی پوچھا جائے گا کہ آپ کس بات کو ترجیح دیں گے کہ مرد افسر انٹرویو کریں یا خاتون افسر انٹرویو کریں۔

اس مرحلہ پرآپ کے اسائلم کے کلیم کی تفصیلی وجوہات نہیں پوچھی جائیں گی۔

یہ بات یاد رکھیں کہ آپ کے تفصیلی انٹرویو میں جو معلومات آپ دیں گے انہیں آپ کے اسکریننگ انٹرویو سے ملا کر دیکھا جائے گا تاکہ اس امر کو جانچا جا سکے کہ کیا آپ کی باتیں آپس میں مطابقت رکھتی ہیں۔

Home Office ہوم آفس کے ساتھ آپ جو بھی بات کریں آپ کے لئے لازمی ہے کہ سچ بولیں۔

اگرآپ اسائلم اِن ٹیک یونٹ کو اسکریننگ انٹرویو کا وقت لینے کےلئے ٹیلیفون کریں گے تو ٹیلیفون پرآپ سے چند

بنیادی سوال پوچھے جائیں گے جب آپ اپنی اپائنٹمنٹ کےلئے جائیں گے اس وقت آپ ان معلومات کی تصدیق کرسکیں گے۔ برائے مہربانی ہوم آفس کو آپ اپنے آپکو درپیش خطرات یا آپکی یا آپ کی زیرِ کفالت دوسرے افراد کی فوری ضروریات سے آگاہ کریں۔

اسائلم اِن ٹیک یونٹ یعنی اسائلم کلیم کرنے کےلئے اپائنٹمنٹ بنانے کا ٹیلیفون نمبر یہ ہے:

4524 196 0208 سوموار تا جمعرات، 9 بجے صبح تا 4:45 بجےشام اورجمعہ 9 بجے صبح تا 4:30 بجےشام

2.2 اسائلم کی اسکریننگ کا طریقِ کار۔

اگر آپ اسائلم اِن ٹیک یونٹ جا کر اسائلم کی درخواست دینے کا ارادہ رکھتے ہیں اور آپ یہ چاہتے ہیں کہ جن لوگوں کا آپ پر انحصار ہے، جیسے مثال کے طور پر شریکِ زندگی، یا اٹھارہ سال سے کم عمر کے بچے، بھی آپ کی اسائلم کی درخواست میں شامل ہوں، تو انہیں ابھی اپنے ہمراہ لے کر جانا آپ کےلئے لازمی ہوگا۔ آپ کا حق ہے کہ کسی پر انحصار ہونے کی وجہ سے آپ ان کے ساتھ اسائلم کی درخواست دے سکتے ہیں لیکن اگر آپ کے پاس الگ سے کوئی معلومات ہیں جن پر آپ چاہتے ہیں کہ غور کیا جائے تو ممکن ہے آپ الگ سے بھی اسائلم کی درخواست دینا چاہیں۔

جب آپ اسائلم اِن ٹیک یونٹ پہنچیں گے تو ممکن ہے کہ آپ سے کہا جائے کہ جب تک آپ کو انٹرویو کے کمرے میں بلایا جاتا ہے آپ استقبالیہ میں انتظار کریں۔ اسکریننگ کے طریقِ عمل میں کئی گھنٹے بھی لگ سکتے ہیں اس لئے اگر ممکن ہوسکے اور اگر آپ چاہیں تو اپنے ساتھ کھانے پینے کا کچھ سامان لے جائیں۔ اسائلم اِن ٹیک یونٹ میں گھرانوں کےلئے سہولتیں موجود ہیں جیسے مثال کے طور پر فیملی کےلئے انٹرویو کا کمرہ، بچوں کےلئے الگ سے جگہ جہاں وہ کھیل سکتے ہیں، ٹی -وی دیکھ سکتے ہیں، یا ڈرائنگ کر سکتے ہیں۔ تاہم ممکن ہےکہ آپ یہ سوچیں کہ بچوں کے مصروف رکھنے کے لئے اپنے ہمراہ کوئی چیزیں لے آئیں یا کسی دوست کو ہمراہ لے آئیں تاکہ بچوں کی دیکھ بھال میں آپ کو مدد مل سکے۔

اسائلم اسکریننگ کا طریقِ کار چند مختلف حصوں پر مبنی ہے۔
ان میں یہ امور شامل ہیں:

- بائیومیٹرک معلومات حاصل کرنا جس کا مطلب ہے کہ آپ کی تصویر اور انگلیوں کے نشانات لئے جائیں گے۔ آپ کی یہ بائیومیٹرک معلومات لے کر ایک کارڈ میں درج کی جائیں گی یہ کارڈ اسکریننگ کے عمل میں آپ کو دیا جائے گا۔ اسے Application Registration Card (اپلیکیشن رجسٹریشن کارڈ) کہتے ہیں نیز اسے ARC (آرک کارڈ) بھی کہتے ہیں۔ یہ کارڈاس بات کی تصدیق کرے گاکہ آپ نے اسائلم کی درخواست دی ہوئی ہے اور آپ نے Home Office (ہوم آفس) کو اپنی جو شناخت دی ہےیہ اس کا ریکارڈ بھی رکھے گا۔ اگر آپ کو UK (یو-کے) میں رہائش کا حق دے دیا گیا تو آپ کو اپنے رہائش کے حق کی تصدیق بائیومیٹرک ریذیڈنس پرمٹ کارڈ کی صورت میں ملے گی، یہ بائیومیٹرک ریذیڈنس پرمٹ کارڈ ان تمام دوسری قومیت رکھنے والے افراد کو دئے جاتے ہیں جنہیں UK (یو-کے) میں رہائش اور کا م کرسکنے کا حق دیا جاتا ہے۔ بائیومیٹرک ریذیڈنس پرمٹ کارڈ آپ کے امیگریشن یعنی ہجرت کے درجہ کی تصدیق اور UK (یو-کے) میں رہنے کی شرائط کی تصدیق کرتا ہے۔
- شناخت اور حفاظت کے معائنے
- یہ معلوم کرنا کہ آپ کو رہائش کی ضرورت ہے یا نہیں، اور معلومات کا حصول تاکہ فیصلہ کرتے وقت یہ دیکھا جا سکے کہ آپ کو UK (یو-کے) میں کہاں رہائش دی جاسکتی ہے۔
- اسکریننگ انٹرویو کی تکمیل جس میں آپ سے یہ باتیں پوچھی جائیں گی:

- آپ کی شناخت کے بارے میں بنیادی سوال اور آپ کے خاندان کی تفصیل
- یہ بتایا جائے گا کہ آپ نے کب رپورٹ کرنا ہوگی، اس کے لئے رپورٹ کرنے کے سیکشن کو دیکھیں۔
- آپ) UKیو-کے(کس طرح سفر کر کے پہنچے۔
- آپ کو کوئی بیماری تو نہیں ہے۔
- مختصر طور پر بیان کرنے کو کہا جائے گا کہ آپ نے اپنا وطن کیوں چھوڑا
- اس بارے میں سوال پوچھے جائیں گے کہ آپ پر کبھی کوئی فرد جرم تو عائد نہیں ہوئی اور قومی سلامتی سے متعلق اگر کوئی ضروری سوالات ہوئے تو وہ بھی پوچھے جائیں گے۔
- یہ بھی پوچھا جائے گا کہ آپ کے تفصیلی انٹرویو میں آپ اس بات کو ترجیح تو نہیں دیں گے کہ عورت آپ کا انٹرویو کرے یا مرد کرے۔
- اگر آپ بے گھر ہیں تو اپنے گھر والوں کی ضرورتوں کے بارے میں Home Office (ہوم آفس) کو بتائیں۔ آپ کے اسکریننگ انٹرویو کے بعد Home Office (ہوم آفس) اس بات کا فیصلہ کرے گا کہ آپ کو عارضی رہائش گاہ پر رکھا جائے یا نہیں۔ فیصلے کا دارو مدار آپ کی مفلسی اور بیکسی کی بنیاد پر ہوگا۔ آپ Home Office (ہوم آفس) کو اپنی یا گھر والوں میں سے کسی کی اگر کوئی طبی ضرورت یعنی بیماری ہو تو بتا دیں اور یہ چیزیں بھی بتا دیں۔
- اگر آپ کی دوا ختم ہوگئی ہے۔
- اگر بیماری کی وجہ سے اس بات کی ضرورت ہو کہ کوئی آپ کا معائنہ کرے۔
- اگر آپ تشدد کا شکار رہے ہیں۔
- اگر آپ کو انسانی کاروبار کے طور پر لایا گیا ہے یا کوئی آپ کا استحصال کر کے غلط فائدہ اُٹھا رہا ہے۔
- اگر آپ کے بچوں کے والد یا والدہ UK (یو-کے) میں ہیں۔
- اگر بچوں میں سے کسی کا اسکول مٰں فائنل امتحان ہورہا ہو۔
- اگر آپ حمل سے ہیں۔

Home Office (ہوم آفس) ان سب معلومات پر غور کرے گا جو آپ نے انہیں دی ہیں اور پھر اس بات کا فیصلہ کرے گا کہ آپ کو عارضی رہائش گاہ کس علاقے میں دی جائے۔یہ رہائش عارضی رہائش گاہ کے کسی سنٹر میں ہوگی اس رہائش کا انتخاب آپ خود نہیں کر سکیں گے مگر Home Office (ہوم آفس) آپ کے حالات پر غور کرے گا۔

ایک مرتبہ جب آپ کی درخواست کا اندراج ہوگیا تو اس کے بعد یہ فیصلہ کیا جائے گا کہ آپ کو حراست میں رکھنے کی ضرورت تو نہیں۔ اگر آپ کو حراست میں رکھا گیا تو آپ کی درخواست پر فیصلہ کرنے کےلئے حراست میں رکھے گئے افراد کےلئے تیز رفتاری سے عمل کرنے کے طریقے کو جسے DFT کہتے ہیں اپنایا جائے گااس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کی درخواست پر تیزی سے فیصلہ کیا جائے گا۔ اگر آپ کو حراست میں لیا گیا تو آپ کو اس کی وجوہ بتائی جائیں گی حراست میں رکھے گئے DFT (ڈی ایف ٹی) طریقِ کار میں آپ کو یہ موقع دیا جائے گا کہ آپ مفت قانونی نمائندگی حاصل کرسکیں اور آپ کی اسائلم کی درخواست کے بارے میں آپ کا مکمل انٹرویو کیا جائے گا۔ اگر آپ کی اسائلم کی درخواست مسترد کردی گئی تو آپ کو UK (یو-کے) سے واپس بھیجنےتک حراست میں رکھا جاسکتا ہے۔ اگر آپ ملک میں رہتے ہوئے اپیل کرسکنے کے حقدار ہوئے تو حراست میں رہتے ہوئے ہی یہ اپیل ہوگی۔

2.3 سچائی پر رہنے کی ضرورت

ممکن ہے آپ کو یہ مشورہ دیا گیا ہو کے اپنے کلیم کی بعض وجوہ Home Office (ہوم آفس) کو نہ بتائیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ آپ کو یہ مشورہ دیا گیا ہو کہ ایک مکمل طور پر مختلف کہانی سنائیں۔ اگر آپ ایسا کریں گے تو آپ کے کیس کو اس سے نقصان پہنچے گا اور امکان بھی ہے کہ آپ کی درخواست مسترد ہوجائے گی یہ لازمی ہے کہ آپ سچ بولیں۔

اگر آپ بے بنیاد یا توہین آمیز اسائلم کا کیس بنائیں گے، بشمول دیر سے کیا گیا کلیم یا موقع سے فائدہ اٹھانے والا کلیم کریں گے، تو امکان بھی ہے کہ ایسا کلیم مستردکردیا جائے گا اور جب آپ کے کلیم پر مکمل کام ہوجائے گاتو آپ کو ملک بدر کردیا جائے گا۔ بعض خصوصی حالات میں UK (یو-کے) سے واپس چلے جانے کے بعد ہی اپیل کی جاسکے گی۔

اسائلم کے حصول کےلئے اگر دھوکہ دہی کی جائے یا غلط کاغذات فراہم کئے جائیں تو یہ ایک مجرمانہ کارروائی سمجھی جائے گی ایسا کرنے کی صورت میں آپ پر مقدمہ چلایا جاسکتا ہے اور اگر آپ ایسا کریں تو ممکن ہے آپ کو جیل بھیج دیا جائے۔

2.4 اسکریننگ انٹرویو کے وقت مَیں کیا توقع کروں؟

آپ کے اسکریننگ انٹرویو کے دوران Home Office (ہوم آفس) کو آپ سے بس بنیادی معلومات ہی لینی چاہئیں۔ انہیں آپ کی ضروریات کا خیال رکھنا چاہیئے۔ وہ اس بات کا جائزہ لیں گے کہ آپ کے کلیم کا فیصلہ کیسے کرنا چاہیئے۔ مثال کے طور پر اگر آپ کسی ایسے ملک سے آئے ہیں جس کے بارے میں سمجھا جاتا ہے کہ وہاں حفاظت کے مسائل نہیں ہیں تو اس بات کا امکان ہے کہ آپ کو حراست میں رکھا جائے گا اور آپ کے کیس پر جلد فیصلہ کردیا جائے گا یعنی حراست میں رکھے گئے افراد کے لئے تیز رفتاری سے عمل کے طریِق کارجسے DFT کہتے ہیں کے مطابق اگر UK (یو-کے) آتے ہوئے آپ کسی دوسرے محفوظ ملک میں رکھے تھےاوراس کا علم اس ملک کے امیگریشن کے افسران کو ہوا تو ممکن ہے آپ کا کیس Home Office (ہوم آفس) کے Third Country Unit (تھرڈ کنٹری یونٹ) حوالے کردیاجائے گاـاس کا مطلب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ Home Office (ہوم آفس) اس ملک کے افسران سے بات کریں کہ وہ آپ کے اسائلم کے کیس پر غور کریں۔ اور اس بات کامطلب یہ ہوسکتا ہے کہ آپ واپس اس ملک جائیں۔ Home Office (ہوم آفس) یہ بھی فیصلہ کرسکتا ہے کہ آپ ایک ایسے ملک سے آئے ہیں جہاں حفاظت کے مسائل ہیں اس لئے آپ کے کیس پر جلد فیصلہ کرکے آپ کو مہاجر ہونے کا درجہ فراہم کر دے۔ Home Office (ہوم آفس) آپ سے منصفانہ اور شفاف سلوک کرے گا اور متعلقہ قانون کے مطابق ہی آپ کی درخواست پر فیصلہ کرے گا۔ برائے مہربانی یاد رکھیں کہ آپ اپنے سکریننگ انٹرویو کی ایک نقل مانگنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

2.5 انٹر پریٹرز یعنی ترجمان

اگر آپ کو ترجمہ کےلئے انٹرپرٹر کی ضرورت ہوئی تو آپ کےلئے انٹرپرٹر فراہم کیے جائیں گے۔ اگر آپ نے اپائنٹمنٹ بنالی ہے تو انٹرپرٹرپہلے ہی موجود ہوں گے۔

اگر آپ اپائنٹمنٹ لئے بغیر کیس درج کرانے کی سروس جسے واک ان سروس کہتے ہیں، پر گئے اور وہاں اسی دن آپ کی اسکریننگ ہونا ہوئی تو ممکن ہے آپ کو انٹرپرٹر کا انتظار کرنا پڑے۔

اسکریننگ انٹرویو کےلئے اگر آپ نے درخواست کی تو آپ کےلئے ترجمان فراہم کئے جائیں گے۔ ترجمان کےلئے لازمی ہے کہ جو بھی آپ کہیں وہی ترجمہ کرے اس طرح جو معلومات آپ دیں گے Home Office (ہوم آفس)

کے پاس ان کامکمل ریکارڈ ہوگا۔ آپ اپنی صوابدید پر مرد یا عورت بطور ترجمان مانگ سکتے ہیں۔

جو بھی معلومات آپ دیں گے ترجمان نے انہیں مکمل طور پر خفیہ رکھنا ہوتا ہے۔

اگر آپ کو ترجمان کے بارے میں کوئی بھی فکر ہو تو انٹرویو لینے والے افسران کو اس بابت بتائیں، مثال کے طور پر اگر آپ کو ان کی بات سمجھنے میں دقت محسوس ہورہی ہو۔
آپ کے کیس پر کیا فیصلہ ہوتا ہے یا اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے ان باتوں پر اس چیز کا قطعی کوئی اثر نہیں ہوگا۔

2.6 شکایت کیسے کی جاسکتی ہے؟

آپ کو جو سروسز بہم پہنچائی گئی ہیں اگر آپ ان سے مطمئن نہیں، یا آپ یہ محسوس کرتے ہیں کہ ہوم آفس کے عملہ نے یا ترجمان نے یا پھر ہوم آفس سے منسلک کوئی بھی فرد آپ سے عزت یا وقار سے پیش نہیں آیا، یا پھر یہ سوچتےہیں کہ کسی کا عمل دفتری آداب کے مطابق نہیں تھا تو آپ شکایت کرسکتے ہیں۔ یہ بات بہت اہم ہے کہ ایسے کسی بھی واقعے کے بعد آپ جلد ازجلد اپنی شکایت درج کرائیں۔ جو شکایات تین مہینے سے زیادہ پرانی ہوں Home Office (ہوم آفس) عموماً ان کی تفتیش نہیں کرتا۔

آپ کو تحریری شکایت کرنا ہوگی یہ شکایت صرف English (انگلش) یا Welsh (ویلش) زبان میں لکھی جاسکتی ہے۔ اگر آپ UK (یو-کے) میں ہیں تو آپ یہ شکایت ان دونوں میں سے کسی بھی طریق پر کرسکتےہیں۔

- ای میل کے ذریعے جس کا پتہ ہے:
  complaints@homeoffice.gsi.gov.uk
  عموماً ہوم آفس ای میل کے ذریعے بھیجی گئی شکایات پر جلد عمل کرتا ہے۔
- ڈاک کے ذریعے بھی شکایات کرسکتے ہیں اس کےلئے یہ پتہ ہے:
  UKVI, Complaints Allocation Hub,11th Floor, Lunar House
  Wellesley Road, Croydon, CR9 2BY

آپ ان چیزوں کو ضرور اپنی شکایت میں شامل کریں:

- آپ کا نام اور رابطے کی مکمل تفصیل؛
- شکایت کی مکمل تفصیل اس میں وقت تاریخ اور جگہ سب شامل ہو۔
- UK Visa & Immigration (یوکے ویزہ اینڈ امیگریشن) کے عملے، ان کے لئے کام کرنے والے کانٹریکٹر یا وہ عملہ جن سے آپ کی بات ہوئی ہو ان کے نام یا ان کے شناختی نمبر؛
- اگر کوئی بھی گواہ موجود ہوں تو ان کی تفصیل؛
- اگر اس بات سے متعلق کوئی خط یا کاغذات ہوں تو وہ بھی بھیجیں؛
- علاوہ ازیں آپ کے Home Office (ہوم آفس) کے ریفرنس یعنی حوالے کا نمبر۔

آپ کی شکایت سے نبٹنے کا انتظام Home Office Customer Service Units (ہوم آفس کے کسٹمرز سروس یونٹ) جنہیں CSUS کہتے ہیں میں سے کوئی ایک یونٹ کرے گا وہ اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ آپ کی شکایت سے تسلی بخش طور پر اور وقت پر نبٹا جائے۔

Home Office (ہوم آفس) آپ کو شکایت وصول ہونے کی اطلاع دے گا اور بتائے گا کہ آپ کی شکایت کے مسئلے کو کون حل کررہا ہے۔ عموماً وہ بیس دن کے اندر مکمل جواب دے دیں گے۔ تاہم اگر آپ کی شکایت دفتری آداب کی صریح خلاف ورزی کے بارے میں ہوئی، تو ممکن ہے بارہ ہفتے تک کا عرصہ لگ جائے کیونکہ اس سلسلے میں ایک خود مختار اور آزاد تفتیش کرائی جائے گی۔

شکایت کرنے سے اس بات پر کوئی اثر نہیں ہوگا کہ آپ کے کیس کا فیصلہ کیسے ہوگا نہ ہی اس کا آپ کے کیس پر کوئی منفی اثر ہوگا۔

اگر اس بارے میں آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہوتو براہِ مہربانی ان سے رابطہ کریں:

Asylum Advice UK (اسائلم ایڈوائس یو-کے) کا نمبر ہے:
0808 8000 646

2.7 Asylum Intake Unit (اسائلم اِن ٹیک یونٹ) جاتے وقت یہ کاغذات ہمراہ لے جائیں

آپ کو خود چاہئے کہ وہ تمام کاغذات جو آپ کے اسائلم کے کیس کے لئے آپ کی مدد کرسکتے ہیں، آپ کو جونہی پہلا موقع ملےاس وقت فراہم کردیں۔

پاسپورٹ یعنی آپ کا پاسپورٹ اور آپ پر انحصار کرنے والے ان تمام افراد کے پاسپورٹ جن کا کیس آپ کے ساتھ ہے۔

سفری کاغذات ۔یعنی آپ کے پاس جو بھی ٹکٹ یا بورڈنگ پاس وغیرہ ہوں۔

Police Registration Certificates (پولیس رجسٹریشن سرٹیفکیٹس)۔ اس صورت میں اگر آپ کا یا آپ کے گھر والوں کا پولیس کے ساتھ کوئی اندراج ہوا ہو۔

کوئی بھی اور شناختی کاغذات۔ جیسے مثال کے طور پر شناختی کارڈ، پیدائش، شادی یا اسکول کے سرٹیفیکیٹ، اگر آپ کے پاس کسی چیز کی ممبر شپ کے کارڈ ہوں یعنی ایسی کوئی بھی چیز جو آپ کی شناخت کرے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ Home Office (ہوم آفس) آپ کی شناخت کرسکے اور آپ کی قومیت معلوم کرسکے۔

طبی کاغذات ۔کیونکہ ہوم آفس کو آپ کی بیماریوں کا پتہ ہونا چاہئے اور یہ بھی پتہ ہونا چاہئے کہ آپ کون سی ادویات لے رہے ہیں۔

آپ کی رہائش کا ثبوت، اس صورت میں اگر آپ پہلے سے ہی UK (یو-کے) میں رہ رہے ہیں تو Home Office (ہوم آفس) آپ کی رہائش گاہ کا کاغذاتی ثبوت مانگے گاجیسے کرایہ داری کا معاہدہ، یا کوئی حالیہ یوٹیلیٹی بِل وغیرہ مثلاً گیس اور بجلی کے بِل جن پر آپ کا پورا نام اور UK (یو-کے) میں آپکے ے تمام پتے درج ہوں۔

اگر آپ کسی اور کے گھر میں رہتے ہیں تو مالک کا خط ساتھ لے کر آئیں جس میں بتایا گیا ہو کہ آپ ان کے گھر پر رہ سکتے ہیں یا نہیں۔ اور کاغذی ثبوت جیسے یوٹیلیٹی بِل وغیرہ جس میں مالک کا پورا نام اور پتہ درج ہو۔

اگر آپ کو عارضی رہائش گاہ کی ضرورت ہے تو اس بات کا ثبوت لانا ہوگا کہ آپ کی حالیہ رہائش گاہ اب آپ کو کیوں نہیں مل سکتی اورآپ اپنے آپ کی خود کفالت کیوں نہیں کر سکتے۔ Home Office (ہوم آفس) یو کے میں اوریوکے سے باہر آپ کو مہیا مالی مدد اور اثاثاجات کا جائزہ لے گا۔

Home Office (ہوم آفس) آپ کے اصلی کاغذات آپ سے لے لے گا، اور جب تک آپ کے اسائلم کے کلیم پر کام ہوگا یہ کاغذات اپنے پاس ہی رکھے گا۔

ممکن ہے کہ آپ اپنے کاغذات کی فوٹو کاپی حاصل کرنا چاہیں کیونکہ اصلی کاغذات آپ کو اس وقت ہی ملیں گے جب آپ کے کیس کا فیصلہ ہوجائے گا۔

2.8 Accommodation and Asylum Support (اکاموڈیشن اینڈ اسائلم اسپورٹ)

جب آپ اسکریننگ انٹرویو دیں گے اس وقت آپ سے پوچھا جائے گا کہ کیا آپ کو رہائش اور مدد کی ضرورت ہے۔ اس بات کا جائزہ لیا جائے گاکہ کیا آپ مدد حاصل کرسکنے کے اہل ہیں یا نہیں-یہ دیکھنے کیلئے کہ آپ اسپورٹ کے حقدار ہیں یا نہیں Home Office (ہوم آفس) آپ کے متعلق مالی اور دیگر ذرائع کا جائزہ لے گا ۔

اگر آپ کو رہائش اور مدد کی ضرورت ہے:

اگر آپ کو رہائش کی ضرورت ہےتو یہ بات بہت اہم ہے کہ آپ اپنا تمام سامان اسکریننگ انٹرویو میں اپنے ہمراہ لے جائیں۔ اگر یہ بات تسلیم کر لی گئی کہ آپ کو رہائش کی ضرورت ہے اور آپ کے پاس اپنی کفالت آپ کرنے کے کسی قسم کے کوئی ذرائع نہیں

تو اسکریننگ انٹرویو کے بعد سیدھے آپ کو عارضی ابتدائی رہائش گاہ کے سینٹر بھیج دیا جائے گا۔ ممکن ہے کہ یہ کئی میل دور ہو۔ اگر آپ کی کوئی فوری ضروریات ہیں تو افسر کو ان کے بارے میں ضرور بتادیں، کیونکہ اس سے اس بات پر اثر پڑسکتا ہے کہ آپ کو کہاں بھیجا جائے گا۔ یہ ایک عارضی رہائش گاہ ہوگی اور اس بات کا امکان ہے کہ اکیس دن تک آپ وہاں رہیں گے۔ تاہم یہ بھی ممکن ہے کہ اس سے لمبا عرصہ لگ جائے اس کا دارومدار آپ کے ذاتی حالات پر ہوگا۔

یہ بات اہم ہے کہ اگر آپ اپنی مدد خود نہیں کرسکتے یعنی خودکفیل نہیں ہوسکتے تو ہوم آفس پر آپ یہ بات ثابت کرسکیں۔ ہوم آفس یو-کے میں اور یو-کے سے باہر آپ کے مالی حالات پر غور کرے گا۔ اگر آپ کے پاس اتنے وسائل ہوئے کہ آپ اپنی مدد خود کرسکیں یعنی خود کفیل ہوسکیں، یا آپ کے دوست اور رشتہ دار موجود ہوں جو رہائش اور خوراک میں آپ کی مدد کرسکیں تو Home Office (ہوم آفس) یہ توقع کرے گا کہ آپ اپنی مدد خود کریں۔

ہوم آفس یہ توقع کرتا ہے کہ آپ درج ذیل ثبوت اپنے اور اپنے زیر کفالت افراد کی بابت فراہم کریں:

- Bank Statements (بینک کی اسٹیٹمنٹس یعنی بینک کے کھاتے) پچھلے 6مہینے کی یوکے اور یوکے سے باہر کے بینکوں کی سٹیٹمنٹسـ وہ اس بات کا بھی جائزہ لیں گے کہ آیا کسی قسم کی کوئی رقم آپ کے اکاؤنٹ سے باہر بھیجی گئی ہے جس تک آپ کی بعد میں رسائی متوقع ہے۔
- اثاثوں کی تفصیلـ اور کیا ان کو بیچ کر آپ اپنی مالی کفالت کر سکتے ہیں۔
- اگر UK (یو-کے) میں آپ نے کوئی کام کیا ہےتو اس کی تفصیلـ آپ کے پی45 کی ایک نقل اور آپ کے آجر کی طرف سے خط جس میں اس بات کی یقین دہانی کروائی گئی ہو کہ یہ ملازمت اب ختم ہو گئی ہے اور کب ختم ہوئی ہے۔
- آمدنی کی تفصیل اور اس بات کی تفصیل کہ یہ آمدن کیسے خرچ ہوئیـرسیدیں، معاہدے، اس بات کے

ثبوت کہ یہ پیسہ کہاں کہاں خرچ کیا گیا۔

- کوئی بھی قیمتی زیورات
- یو-کے یا یو-کے سے باہر کوئی بھی جائیداد۔اگر وہ بیچی جا سکتی ہے تو اس کا ثبوت
- اگر آپ کے پاس کوئی بھی رقم ہے یا جب آپ یوکے میں داخل ہوئے تھے اس وقت آپ کے پاس تھی اور اب وہ رقم کہاں ہے اور کیا ابھی تک آپ کے پاس ہے۔
- اگر آپ UK (یو-کے) میں کوئی بھی بینیفٹ یعنی مالی مدد حاصل کر رہے ہوں۔اس بات کا ثبوت کہ اب یہ رک گئی ہے یا پھر کتنی مل رہی ہے اور کتنے دورانئے کے بعد ملتی ہے اس بات کا ثبوت

ایک بار جب آپ اپنی ابتدائی رہائش گاہ کے مقام پر پہنچ جائیں تو وہاں Migrant Help (مائگرینٹ ہیلپ) کے عملہ کے افراد آپکو مفت، غیر جانبدار ہدایات اور معلومات دینے کیلئے موجود ہوں گے۔
UK Visas & Immigration Asylum Support Form (ASF1) یوکے ویزہ اینڈ امیگریشن اسائلم اسپورٹ فارم (اے ایس ایف)1بھرنے کیلئے جلد سے جلد آپ کیلئےایک ملاقات کا وقت مختص کیا جائے گا۔ برائے مہربانی تمام دستاویزات اور متعلقہ ثبوت اپنے ہمراہ لائیں۔

ابتدائی رہائش گاہ ایک ہاسٹل کی طرح کی رہائش گاہ ہوتی ہے، جہاں ضروری کھانے اور ذاتی صفائی سُتھرائی کی اشیاءفراہم کی جاتی ہیں۔ سکاٹ لینڈ میں مہیا کردہ رہائش خوردونوش کا بندوبست خود کرنے کی بنیاد پر دی جاتی ہے اور درخواست گزار کو نہانے دھونے اور کھانے پینے کی مد میں روزانہ کے £5 دئیے جاتے ہیں۔

جب آپ ابتدائی رہائش گاہ میں ہونگے تو آپ کو کوئی مالی مدد نہیں ملے گی

اگر مدد حاصل کرنے کےلئے آپ کی درخواست کامیاب ہوگئی تو آپ کو مہاجرین کو منتشر کرنے کی رہائش گاہ میں بھیج دیا جائے گا۔ یہ رہائش گاہ UK (یو-کے) میں کسی بھی جگہ ہوسکتی ہے اور اسے آپ کو خود منتخب کرنے کا حق نہیں دیا جاتا۔ اسی لئے یہ بات ضروری ہے کہ اگر کوئی ایسے عوامل ہوں جن سے اس بات پر اثر ہونا ہو کہ آپ کس علاقے یا کس قسم کی رہائش گاہ میں رہ سکتے ہیں تو Home Office (ہوم آفس) کو ان سے پہلے ہی آگاہ کر دیں۔ یہ بات بہت اہم ہے کہ جب آپ درخواست کا فارم بھر رہے ہیں اسی وقت یہ معلومات فراہم کردیں ورنہ ممکن ہے کہ جب آپ کو رہائش گاہ مل جائے تو پتہ چلے کہ وہ آپ کی ضروریات کے مطابق نہیں ہے۔

براہِ مہربانی آپ کی جو بھی ضروریات ہوں ان کے بارے میں اپنے Asylum Support Application (اسائلم اسپورٹ اپلیکیشنز) کے کیس ورکر سے مدد کی درخواست کا فارم بھرتے ہوئے بات کریں۔

اگر آپ رہائش کی فراہمی کے انتظار کے دوران کسی دوست کے ساتھ رہ رہے ہیں تو اس وقت تک آپ کو مالی مدد نہیں مل سکے گی جب تک آپ اپنی طویل عرصے کی مستقل رہائش گاہ پر نہ چلے جائیں۔

اگر آپ دوستوں یا رشتہ داروں کے ہمراہ رہتے رہے ہیں اور ابھی کسی اور جگہ رہائش کی ضرورت محسوس کر رہے ہیں تو آپ کو اپنے بلکل بے گھر ہو جانے کا انتظار نہیں کرنا چاہیے اور یہ اشد ضروری ہے کہ آپ کسی بھی قسم کا وقت ضائع کئے بغیر Migrant Help مائگرینٹ ہیلپ والوں سے 647 8000 0808 پر رابطہ کریں۔ اگر آپ عارضی طور پر کہیں رہائش پذیر ہیں تو یہ آپ کے بہترین مفاد میں ہے کہ آپ وہیں رہتے رہیں تاکہ Home Office (ہوم آفس) آپ کی درخواست کو نمٹا کر، آپ کیلئے موزوں ترین آپ کے اپنے علاقے میں رہائش کا انتظام کر سکے

اگر آپ کو رہائش گاہ کی ضرورت نہیں۔

اگر آپ کسی دوست یا رشتہ دار کے ساتھ رہ رہے ہیں تو آپ کو اس بات کا ثبوت فراہم کرنا ہوگا کہ آپ وہیں رہ سکتے ہیں۔ اگر وہ آپ کو صرف رہائش ہی فراہم کرسکتے ہوں تو آپ مالی مدد کی درخواست کرسکتے ہیں یعنی صرف گزارے کے لئے مدد۔

اگر آپ کو رہائش گاہ کی ضرورت ہے

اگر دوست اور رشتہ دار آپ کو کھانا پینا فراہم کرسکتے ہیں یا آپ تھوڑا ساکما رہے ہیں تو آپ Home Office (ہوم آفس) سے صرف رہائش حاصل کرنے کی درخواست کرسکتے ہیں۔

یہ بات بہت ہی اہم ہے کہ اگر آپ کو اس مدد کی ضرورت ہے تو آپ Asylum Support Application UK (اسائلم اسپورٹ اپلیکیشنز یو-کے) سے رابطہ کریں۔

Asylum Support Application UK (اسائلم اسپورٹ اپلیکیشنز یو-کے) 647 8000 0808
www.asylumhelpuk.org

اگر آپ کسی دوست کے ساتھ رہ رہے ہیں اور صرف گزارے کی رقم حاصل کرنے کی درخواست دے رہے ہیں، تو مالی مدد آپ کے حالات کا جائزہ لے کر یہ دیکھنے کے بعد کہ آپ مالی مدد کے حقدار ہیں جاری ہوسکے گی۔

اگر آپ لمبے عرصے سے UK (یو-کے) میں رہ رہے ہیں اور جلد از جلد اسائلم کی درخواست دے سکنے میں ناکام رہے ہیں تو ممکن ہے Home Office (ہوم آفس) آپ کی مدد کرنے سے انکار کردے۔

اگر آپ یہ ثابت نہیں کرسکے کہ رہائش کےلئے آپ کے پاس کوئی مناسب جگہ نہیں ہے یا یہ کہ ضروریاتِ زندگی، جیسے کھانا پینا، گرم رہ سکنا وغیرہ، آپ کسی مناسب طریقے سے حاصل نہیں کرسکتے ہیں، یا یہ کہ اگر آپ کو مدد نہ دی گئی تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ کو بنیادی انسانی حقوق سے محروم رکھا جائے گا تو اس صورت میں Home Office (ہوم آفس) کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ آپ کی مدد کرنے سے انکار کردے۔

2.9 اگر میں اپنا خیال نہیں رکھ سکتا یا نہیں رکھ سکتی تو پھر کیا ہوگا؟

جب آپ کا اسکریننگ انٹرویو ہوگا اس وقت Home Office (ہوم آفس) آپ کی ضروریات کاجائزہ لے گا۔ ممکن ہے وہ یہ فیصلہ کریں کہ آپ خود اپنی ضروریات کا خیال نہیں رکھ سکتے۔

اس کی وجہ ممکن ہے یہ ہو کہ آپ کوکوئی خطرناک بیماری ہو، یا پھر جسمانی معذوری، سیکھنے کی مشکل، دماغی صحت کی خرابی یا بڑھاپے کی وجہ سے کمزوری ہو۔ اگر ایسی کوئی بات آپ پر پوری اترتی ہوئی تو ممکن ہے کہ اسکریننگ انٹرویو کے بعد آپ کو سوشل سروس کی جانب ریفر کیا جائے تاکہ وہ آپ کا Community Care Assessment (کمیونٹی کیئر اسیسمنٹ یعنی معاشرے میں رہ سکنے کےلئے آپ کی ضرورتوں کا جائزہ) کر سکیں۔ اگر آپ کی دیکھ بھال کی کوئی واضح اور فوری ضرورت ہوئی تو علاقے کی مقامی حکومت کی یہ ذمہ داری ہوگی کہ وہ اس سلسلے میں آپ کی مدد کرے۔ ممکن ہے اس میں رہائش اور مالی مدد بھی شامل ہو۔

اگر آپ کو کسی اضافی مدد کی ضرورت ہوئی لیکن یہ ضرورت واضح اور فوری نہ ہوئی تو پھر معاشرے میں رہ سکنے کےلئے آپ کی ضروریات کا جائزہ اس وقت لیا جائے گا جب آپ کو رہائش کی اس جگہ بھیج دیا جائے گا جو طویل عرصے کی رہائش ہوگی اس جائزے سے یہ پتہ چل سکے گا کہ کیا آپ کو اضافی مدد کی ضرورت تو نہیں جیسے مثال کے طور پر آلات کی مدد۔

اگر آپ کے گھرانے میں کوئی بچہ ہو، جسے دیکھ بھال کی واضح اور فوری ضرورت ہوئی یعنی مثال کے طور پر اس کی کوئی انتہائی معذوری ہو یا پھر کوئی خطرناک بیماری ہو تو پھر مقامی حکومت کی یہ ذمہ داری ہوگی کہ جس دوران آپکی اسائلم کی درخواست کا سلسلہ Home Office (ہوم آفس) میں چل رہا ہے وہ اسے اس کی ضروریات کے مطابق مناسب دیکھ بھال فراہم کریں۔

ایسے بچے کو بچوں کی سروسز کی جانب ریفر کیا جائے گا تا کہ اس امر کو یقینی بنایا جاسکے کہ صحیح امداد فرہم کی جا رہی ہے۔

Asylum Support Application UK (اسائلم اسپورٹ اپلیکیشنز یو-کے) 0808 8000 647
www.asylumhelpuk.org

2.10 جو کاغذات اسکریننگ انٹرویو میں دیئے جائیں گے۔

Application Register Card (اپلیکیشن رجسٹریشن کارڈ) جسے ARC (آرک) کارڈ بھی کہتے ہیں۔ آپ کو Application Register Card (اپلیکیشن رجسٹریشن کارڈ) جسے ARC (آرک) کارڈ بھی کہتے ہیں دیا جائے گا۔ یہ کارڈ ایک نہایت اہم دستاویز ہے جس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ آپ نے اسائلم کی درخواست دی ہے۔ اگر آپ کو اپنا ARC (آرک) کارڈ مہیا نہ کیا جا سکا توآپ کو ایک معیاری تصدیقی خط دیا جائےگا، اس خط کو LAS (ایل اے ایس) بھی کہتے ہیں۔ اس خط میں آپ کی ذاتی معلومات ہوں گی اورآپ کی تصویر بھی ہوگی نیزیہ اس بات کی بھی تصدیق کرے گا کہ آپ نے اسائلم کی درخواست دے رکھی ہے۔

آپ کو ایک خط مہیا کیا جائے گا جس میں یہ بتایا گیا ہو گا کہ آپ کب اور کہاں اپنے ایس اے ایل (SAL) کو اے آر سی (ARC) سے تبدیل کروا سکتے ہیں۔ اگر آپ کو ایسی کسی ملاقات کی بابت کوئی معلومات مہیا نہیں کی جاتیں تو برائے مہربانی Central Events Booking Unit (CEBU) سینٹرل ایونٹس بکنگ یونٹ (سی ای بی یو) سے 0300 123 2235 پر رابطہ کریں۔ رابطہ کرنے کے اوقات سوموار تا جمعہ 09:30 بجے صبح سے 3 بجے شام تک ہیں۔

یہ بات بہت اہم ہے کہ آپ یہ دیکھ لیں کہ ARC (آرک) کارڈ پرآپ کے بارے میں جو معلومات درج ہیں وہ درست ہیں۔ آپ اس امر کو یقینی بنائیں کہ آپ کا نام، تاریخ پیدائش اورآبائی وطن کا نام صحیح لکھا گیا ہے۔ ایک مرتبہ یہ ریکارڈ میں آجائیں تو انہیں تبدیل کرنا مشکل ہوجاتا ہے۔

آپ کو دیئے گئے درجے کے ساتھ اگر کچھ شرائط بھی ہوئیں تو آپ کے کارڈ میں وہ بھی درج کی جائیں گی آپ کے ARC (آرک) کارڈ میں یہ بھی بتایا جائے گا کہ آپ کو کام کرنے کا حق ہے یا نہیں، {40} اگر اسائلم کا کلیم کرنے سے پہلے آپ کو کام کرنے کا حق نہیں تھا تو اسائلم کی درخواست دینے کے بعد بھی آپ کو کام کرنے کا حق نہیں ملے گا۔ آپ کے کارڈ میں یہ لکھا جائے گا کہ آپ کو کام کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

آپ کا ARC (آرک) کارڈ آپ کی شناخت کا ثبوت تو نہیں لیکن آپ نے اسائلم کی درخواست دیتے وقت اپنی کیا شناخت بتائی تھی، اس کا ریکارڈ ہوگا۔ اگر آپ مالی مدد کے حقدار ہوئے تو وہ مدد لیتے وقت آپ کو اپنے ARC (آرک) کارڈ کی ضرورت ہوگی۔

آپ کے گھرانے کے ہر فرد کو ARC (آرک) کارڈ دیا جائے گا۔ یہ بات بہت اہم ہے کہ آپ اسے حفاظت سے رکھیں۔

اگر آپ ایک پناہ کے متلاشی (اسائلم سیکر) ہیں یا آپ کی پناہ کی درخواست مسترد ہو چکی ہے ، آپ یا آپکے زیرکفالت لوگ جواٹھارہ سال سے اوپر کے ہیں کا اے آر سی کارڈ گم، چوری یا خستہ حال ہو گیا ہے تو برائے مہربانی

Asylum Help اسائلم ہیلپ والوں سے رابطہ کریں جو آپ کی اس بارے میں رہنمائی کریں گے کہ Home Office (ہوم آفس) کو اس بارے میں کیسے مطلع کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ کے پاس یوکے میں سٹیٹس ہے یا آپ نابالغ ہیں تو برائے مہربانی اپنے کارڈ کے گم ہونے، چوری ہونے یا خستہ حال ہونے کی صورت میں مطلع کرنے کیلئے Home Office (ہوم آفس) سے براہ راست 0300 123 2235 پر رابطہ کریں ۔

اگر آپ اپنا ARC (آرک) کارڈ استعمال کرکے ڈاک خانےجا کر ہفتہ وار مالی مدد حاصل کرتے ہیں تو پھر آپ کو اسائلم اسپورٹ سیکشن کو بھی اطلاع دینا ہوگی ،

جب آپ Asylum Advice UK اسائلم ایڈوائس یوکے سے 646 8000 0808 پر رابطہ کریں تو ان معلومات کی فراہمی کیلئے تیار رہیں۔

جو ٹیم آپ کو یہ مدد فراہم کرنے کی ذمہ دار ہے اس کی تفصیل آپ کو Home Office (ہوم آفس) سے بھیجے گئے کسی بھی ایسے خط میں درج ہوگی جس میں آپ کی رہائش اور مالی مددکے بارے میں بتایا گیا ہے۔ جتنی دیر میں آپ کےلئے نئے ARC (آرک) کارڈ کا انتظام کیا جائے گا اس دوران یہ فوری طور پر آپ کو رقم بھیجنے کا انتظام کرسکتے ہیں۔

ہو سکتا ہے کہ آپ کیلئے آپکے مقامی رپورٹنگ سینٹر پر ایک ملاقات کا وقت مختص کیا جائے تاکہ آپ اپنا نیا اے آر سی کارڈ حاصل کر سکیں۔ اس ملاقات میں حاضر ہونے کیلئے آپ کو اپنے سفری اخراجات خود برداشت کرنے پڑیں گے۔

اگر آپ کو اس سلسلے میں مزید مشورے اور رہنمائی کی ضرورت ہوتو آپ اسائلم ایڈوائس یو-کے سے اس نمبر پر بات کرسکتے ہیں:

0808 8000 646

جیسے ہی آپ کو اپنا نیا ARC (آرک) کارڈمل جائے گاتو آپ کی باقاعدہ مالی مدد شروع ہونے کا انتظام کردیا جائے گا ۔

2.11 رپورٹ کرنے کی ضروریات جنہیں IS96 (آئی ایس نائن سکس) کہتے ہیں

ممکن ہے آپ کو یہ کہا جائے کہ مقررہ امیگریشن کے دفتر پر ہفتے یا مہینے میں ایک مرتبہ مقرر کردہ وقت پر رپورٹ کریں۔ آپ کو ایک دستاویز دی جائے گی جسے IS96 (آئی ایس نائن سکس) کہتے ہیں اس میں آپ کی رپورٹ کرنے کی شرائط بیان ہوں گی اور UK (یو-کے) میں آپ کے عارضی داخلے سے متعلق تفصیل کی وضاحت ہوگی۔

اسائلم کی درخواست دینے والے اکثر افراد جنہیں حراست میں نہیں رکھا جاتا انہیں کسی رپورٹنگ سنٹر یا پولیس اسٹیشن میں رپورٹ کرنا کا کہا جاتا ہے۔

اگر آپ نے اسائلم کی درخواست دے رکھی ہے اور آپ اپنے رپورٹنگ سنٹر سے تین میل یا اس سےزیادہ دور رہتے ہیں اور آپ کو Home Office (ہوم آفس) کی اسپورٹ ملتی ہے تو ممکن ہے رپورٹ کرنے جانے کےلئے سفری اخراجات میں آپ کو مدد مل سکے۔

اس کے لئے پہلی مرتبہ جب آپ رپورٹ کرنے جائیں تو یہ ثبوت ساتھ لے کر جائیں کہ آپ کو Home Office (ہوم آفس) سے اسپورٹ مل رہی ہے۔ پھر آپ کو سفر کےلئے ٹکٹ دیئے جائیں گے تاکہ آپ رپورٹ کرسکیں۔ عموماً یہ ٹکٹ آپ کو رپورٹنگ کے دفتر میں دئے جائیں گے۔ اکثر حالات میں پہلی مرتبہ رپورٹ کے لئے جاتے وقت اپنے سفر کا انتظام آپ کو خود ہی کرنا ہوگا۔ یہ خرچہ آپ کو واپس نہیں ملے گا۔

ہر مرتبہ جب آپ رپورٹ کرنے جائیں گے تو آپ کو اپنا IS96 (آئی ایس نائن سکس) خط اور ARC (آرک) کارڈ (صرف اس صورت میں اگر آپکو وہ جاری کر دیا گیا ہو) دکھانا ہوگا۔

اگر آپ کو Home Office (ہوم آفس) سے اسپورٹ نہیں مل رہی لیکن آپ کے کوئی ایسے غیر معمولی حالات ہیں تو بھی ممکن ہے آپ سفر کرنے کے ٹکٹ کےلئےدرخواست دے سکیں۔آپ کو جب آپ رپورٹ کرنے جائیں اپنے امیگریشن افسر سے غیر معمولی حالات کی بنا پر سفر میں مدد کی درخواست کا فارم جسے Exceptional travel request form (ایکسیپشنل ٹریول رِیکویسٹ) فارم کہتے ہیں مانگنا ہوگا۔ آپ کو یہ درخواست تحریری طور پر کرنا ہوگی اور یہ ثبوت دینا ہوگا کہ آپ خود اپنے سفر کا انتظام نہیں کرسکتے۔

2.12 رپورٹ کرنے نہ جانا

یہ بات بہت ہی اہم ہے کہ آپ اپنی رپورٹ کرنے کی ہر تاریخ پر حاضر ہوں۔ اگر آپ رپورٹ کرنے نہ جاسکتے ہوں تو اپنی رپورٹ کی تاریخ سے پہلے اپنے رپورٹنگ سنٹر(اس نمبر پر جو آئی ایس96دیا گیا ہے)سے رابطہ کریں اور رپورٹ کو ملتوی کرنے کی اجازت لیں۔ اس درخواست کےلئے ثبوت بھی فراہم کریں۔ مثال کے طور پر اگر آپ بیماری کی وجہ سے رپورٹ کرنے نہیں جاسکے تواس کے لئے طبی ثبوت فراہم کریں۔

اگر آپ حمل کے آخری حصے میں ہیں تو آپ یہ درخواست کرسکتی ہیں کہ ولادت تک رپورٹ کو موقوف کردیا جائے۔ آپ رپورٹنگ سنٹر پر اپنے حاملہ ہونے کا سرٹیفیکیٹ جسے MAT B1 (ایم اے ٹی- بی ون) کہتے ہیں ساتھ لے جائیں۔ یہ آپ کو اپنے ڈاکٹر یا ہیلتھ وزیٹر سے مل سکتا ہے۔ اس صورت میں رپورٹنگ سنٹر آپ کی رپورٹنگ کی حاضری کو بچے کی ولادت کے بعد تک موقوف کرسکتا ہے۔ اگر آپ اپنی رپورٹنگ کی ملاقات میں حاضر ہونے سے قاصر ہیں تو یہ اشد ضروری ہے کہ آپ اپنے رپورٹنگ سینٹر سے رابطہ کریں یا اپنے قانونی مشیر سے رابطہ کریں جو آپ کی اس بارے میں مشاورت کر سکتا ہے۔

2.13 رپورٹ کرتے وقت آپ کو کن دستاویزات کی ضرورت ہوگی؟

جب آپ رپورٹ کرنے جائیں تو اپنے ساتھ رپورٹ کرنے کا کاغذ جسے IS96 (آئی ایس نائن سکس) کہتے ہیں وہ اور ARC (آرک) کارڈ لے کر جائیں۔ رپورٹنگ سنٹر آپ کے ARC (آرک) کارڈ میں یہ بات شامل کرتے جائیں گے کہ آپ رپورٹ کرنے کی شرائط اور UK (یو-کے) میں داخلے کی شرائط کو پورا کر رہے ہیں۔ اگر آپ رپورٹ نہ کریں یا اپنا کارڈ ساتھ نہ لے کر گئے تو آپ کے کارڈ میں ایک ایسا پروگرام شامل کیا گیا ہے کہ وہ خود بخود ڈاک خانے کو بتا دے گا کہ آپ کی اسپورٹ یعنی مالی مدد روک دی جائے یہ اسپورٹ پھر اس وقت تک جاری نہیں ہوگی جب تک آپ رپورٹنگ سنٹر جا کر اپنی حاضری کا اندراج کارڈ پر نہ کرائیں۔ Post Office (پوسٹ آفس) ایک رسید جاری کرے گا جسے کوڈ نمبر 4 غلطی کی رسید کہتے ہیں انگریزی میں یہ کوڈ فور ایرر رسیٹ کہلاتا ہے۔ اگر آپ رپورٹ کرنے میں ناکام رہے اور آپ نے Home Office (ہوم آفس) سے رابطہ بھی نہیں کیا تو آپ کی اسپورٹ موقوف کر دی جائے گی اور بعض حالات میں یہ اسپورٹ بند کردی جائے گی ۔ یہ بہت ضروری ہے کہ آپ اپنے رپورٹنگ سینٹر میں حاضر ہوں تاکہ آپ کے کارڈ کی تجدید کی جا سکے اور آپ کو ملنے والی اسپورٹ کو جاری کیا جا سکے۔

Legal Advice 2.14 (لیگل ایڈوائس یعنی قانونی مشورہ)

یہ بات بہت ہی اہم ہے کہ آپ پہلا موقع ملتے ہی قانونی مشورہ حاصل کریں۔

قانونی مشیر آپ کو اسائلم کے طریقِ کار کے بارے میں معلومات دے سکتے ہیں، آپ کے کاغذات کے تراجم کرا سکتے ہیں اور اگر کوئی اضافی رپورٹیں Home Office (ہوم آفس) کو دینا چاہیں تو انہیں جمع کرانے کا انتظام کرسکتے ہیں۔

آپ اس امر کو یقینی بنائیں کہ آپ کا قانونی مشیر ان تنظیموں میں سے کسی ایک کے ساتھ رجسٹرڈ ہے۔

- Law Society of England and Wales (انگلینڈ اور ویلز کی لاء سوسائٹی) کے ساتھ تربیت یافتہ قانون دان کے طور پر
- The Law Society of Scotland (اسکاٹ لینڈ کی لاء سوسائٹی) کے ساتھ تربیت یافتہ قانون دان کے طور پر
- Law Society of Northern Ireland (ناردرن آئر لینڈ کی لاء سوسائٹی) کے ساتھ تربیت یافتہ قانون دان کے طور پر
- Office of the Immigration Services Commissioner (امیگریشن سروسز کمشنر کے آفس) سے جسے OISC (او آئی ایس سی) بھی کہتے ہیں جن کے پاس مشیروں کا اندراج ہے اور جو دوسرے اور تیسرے درجے کے مشیرہیں۔ دوسرے اور تیسرے درجے کے مشیر کا مطلب یہ ہے کہ یہ مشیر آپ کے اسائلم کی درخواست کے بارے میں آپ کو مشورہ دے سکتے ہیں اور آپ کے اسائلم کے تمام معاملات میں آپ کی نمائندگی کرسکتے ہیں۔
- آپ اپنے وکیل سے پوچھ سکتے ہیں کہ وہ کس کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں۔ اوپر دی گئی تمام تنظیموں کے امتیازی نشانات آپ کے وکیل یعنی قانونی نمائندے کی جانب سے آنے والے خطوط پر آپ کو مل سکیں گے۔ آپ ان تنظیموں سے بلا واسطہ خود بھی اس بات کی تصدیق کرسکتے ہیں کہ کیا آپ کا وکیل ان کے ساتھ رجسٹرڈ ہے۔

Free Legal Advice (فری لیگل ایڈوائس) یعنی مفت قانونی مشورہ

اسائلم کے درخواست دہندہ کے طور پر ممکن ہے آپ مفت قانونی مشورے کے حقدار ہوں اس کا دارو مدار اس بات پر ہوگا کہ کیا آپ مفت قانونی مدد کے معیار پر اترتے ہیں مفت قانونی مدد کو لیگل ایڈ کہتےہیں۔ جب ایک مرتبہ آپ کی مکمل اسکریننگ ہوگئی تو آپ کا درجہ اسائلم سیکر یعنی پناہ کے درخواست گزار کا ہوجائے گا۔ لیگل ایڈ کا حقدار ہونے کےلئے آپ کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ آپ کی آمدنی کم ہے اور آپ کے کیس کی کامیابی کے خاطر خواہ امکانات موجود ہیں۔

Legal Aid England and Wales (لیگل ایڈ انگلینڈ اور ویلز)

The Legal Aid Authority Agency overseas Legal Aid

بیرونی ممالک میں رہائش پذیر افراد کےلئے لیگل ایڈ اتھارٹی کی ایجنسی

قانونی مشیر ڈھونڈنے کے ذرائع:

(لاء سوسائٹی): Law Society

http://www.lawsociety.org.uk/find-a-solicitor

Direct Gov:

https://www.gov.uk/find-a-legal-adviser

امیگریشن سروسز کمشنر کے آفس کے دوسرے اور تیسرے درجے کے مشیر یعنی ماہرین

http://oisc.homeoffice.gov.uk/how-to-find-a-regulated-immigiration-adviser

آپ ان سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں

(اسائلم ایڈوائس یو-کے) Asylum Advice UK 0808 8000 646
www.asylumhelpuk.org

Legal Aid Scotland (لیگل ایڈ اسکاٹ لینڈ)

The Scottish Legal Aid Board (دی اسکاٹش لیگل بورڈ) کے لیگل ایڈ کے منتظم

Legal Aid (لیگل ایڈ) کےلئے مزید معلومات آپ اس طرح حاصل کرسکتے ہیں۔

0845 122 8686

قانونی مشیر ڈھونڈنے کےلئے:

Scottish Legal Board:

http://www.slab.org.uk/public/solicitor-finder#register

OISC:

http://oisc.homeoffice.gov.uk/how_to_find_a_regulated_immigiration_adviser

The Law Society of Scotland (لاء سوسائٹی اسکاٹ لینڈ):

www.lawscot.org.uk

0131 226 7411

Legal Aid in Northern Ireland (ناردرن آئر لینڈ میں لیگل ایڈ):

The Northern Ireland Legal Services Commission (ناردرن آئر لینڈ کے لیگل سروسز کمیشن) کے

ایڈمنسٹریٹر جو ناردرن آئر لینڈ میں لیگل ایڈ فراہم کرتے ہیں

قانونی مشیر ڈھونڈنے کےلئے:

Northern Ireland Legal Services Commission:

http://www.nilsc.org.uk/solicitors.asp?on=solicitors

Law Society of Northern Ireland:

http://www.lawsoc-ni.org/solicitors-directory/how-to-use-the-solicitors-directory

OISC:

http://oisc.homeoffice.gov.uk/how_to_find_a_regulated_immigration_adviser

2.15 غلط قانونی مشورے کے بارےمیں کیسے شکایت کی جاسکتی ہے:

اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ کو غلط قانونی مشورہ دیا گیا تھا تو آپ کو شکایت درج کرانے کا حق حاصل ہے۔ پہلے جس فرم کے پاس آپ کا کیس تھا آپ ان سے تحریری شکایت کریں۔ آپ کو یہ چیزیں شامل کرنا ہوں گی:

- آپ کا نام اور رابطے کی مکمل تفصیل؛
- شکایت کی مکمل تفصیل، جس میں نام، تاریخ، وقت اور مقام وغیرہ شامل ہو۔
- اگر کوئی گواہ بھی ہوں تو ان کی تفصیل؛
- گر کوئی متعلقہ خطوط یا کاغذات ہوں تو ان کی نقول؛
- آپ کے کیس کا ریفرنس نمبریعنی حوالہ نمبر۔

جب آپ پہلی مرتبہ اپنے وکیل سے ملتےہیں تو وہ گاہک کی دیکھ بھال کا خط آپ کو دیتے ہیں۔ اس خط میں یہ بتایاجاتا ہے کہ وہ آپ کےلئے کیا کام کریں گے اور شکایات کا طریق کار کیا ہے۔ اس میں یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ آپ کی شکایت کی تفتیش کرنے میں کتنا وقت لگے گا۔

2.16 حالات کی تبدیلی

آپ کے حالات میں کوئی بھی تبدیلی ہوتوآپ کےلئے یہ لازمی امر ہے کہ آپ ہوم آفس کو اپنے اور اپنے زیر کفالت لوگوں کے بارے میں اس کی اطلاع دیں۔

ان میں یہ چیزیں شامل ہیں:

- آپ کے نام میں کوئی تبدیلی؛
- اگر آپ کو کوئی ایسی رقم ملے یا کوئی ایسی رقم آپ کی دسترس میں ہو جو آپ نے پہلے نہیں بتائی تھی؛
- کچھ بیچنے کے بعد اگر آپ کو کوئی رقم ملی ہو یا آپ کی دسترس میں ایسی رقم ہو۔

- اگر آپ کسی مختلف پتے پر رہنے کےلئے چلے جائیں؛
- اگر شادی، طلاق یا شریکِ ذندگی سے علیحدگی ہوجائے؛
- اگر آپ سول پارٹنر شپ بنالیں یا پھر اپنے پارٹنر یعنی شادی یا شادی کے بغیر شریکِ ذندگی کے ساتھ رہنے کا فیصلہ کرلیں؛
- اسپتال میں داخل ہوں؛
- آپ یا آپ کی شریک ِ ذندگی حمل سے ہوجائیں یا بچہ ہوجائے؛
- اگر آپ کا کوئی بچہ اسکول چھوڑ دے یا گھر سے چلا جائے؛
- گھرانے کا کوئی اور فرد یو-کے میں آپ کے پاس آجائےیا آپ کو چھوڑ کر چلا جائے؛
- کوئی بھی اور شخص آپ کی رہائش گاہ پر رہنے لگے یا آپ کی رہائش گاہ سے چلا جائے؛
- قید میں چلے جانا؛
- کام شروع یا ختم کرنا؛
- پریگننسی (حاملہ ہونا)
- رہائش و مالی مدد سے صرف مالی مدد میں تبدیلی یا اس کا الٹ

یہ بات بہت اہم ہے کہ اگر آپ کے حالات میں کوئی بھی تبدیلی آئے تو آپ Home Office (ہوم آفس) کو اس کی اطلاع دیں کیونکہ ممکن ہے کہ اس سے آپ کا اسپورٹ حاصل کرنے کا جو حق ہے اس پر اثر پڑتا ہو۔

Home Office support section (ہوم آفس اسپورٹ سیکشن) کو اپنے حالات میں کسی قسم کی تبدیلی کے بارے میں بتانے کےلئے Asylum Help اسائلم ہیلپ آپ کی مدد کریں گےبرائے مہربانی ان سے رابطہ کریں:

Asylum Support Application UK (اسائلم اسپورٹ اپلیکیشن یو-کے) 0808 8000 647
:www.asylumhelpuk.org

یہ نہایت ضروری ہےکہ آپ اپنے قانونی نمائندہ اور/یا Home Office (ہوم آفس) کےایمیگریشن والے شعبہ کواپنے حالات میں کسی قسم کی تبدیلی کے بارے میں مطلع کریں۔

2.17 صحت کی دیکھ بھال

آپ کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ جس دوران آپ کی اپیل پر کام ہورہا ہے صحت کی قومی سروس جسے NHS (این ایچ ایس) کہتے ہیں اور جو مفت طبی علاج فراہم کرتی ہے سے استفادہ حاصل کرسکیں۔ اگر آپ اس وقت اپنی ابتدائی رہائش گام میں مقیم ہیں تو آپ کے اس رہائش میں آنے کے بعد آپ کو صحت کے معائنے کےلئے ریفر کیا جائے گا۔

اگر آپ اپنی ابتدائی رہائش گاہ میں نہیں ہیں اور اب آپ کو آگے بھیج دیا گیا ہے تو آپ کسی عمومی ڈاکٹر کےساتھ جسے یہاں GP (جی پی) کہتے ہیں اپنے آپ کو رجسٹرڈ کرائیں تاکہ اگر ضرورت پڑے تو آپ کا علاج ہوسکے۔ ڈاکٹر کے ساتھ رجسٹرڈ کرانے کےلئے آپ نے اپنا نام، تاریخ پیدائش، پتہ اور اگر آپ کے پاس ٹیلیفون ہوتو اس کا نمبر دینا ہوگا۔ آپ نے نئے مریض کے ریکارڈ کے کاغذات بھرنے ہوں گے۔ہو سکتا ہے کہ آپ کو یہ بات ثابت کرنے کیلئے کہ آپ ایک پناہ کے متلاشی (اسائلم سیکر) ہیں اور مفت طبی نگہداشت کے مستحق ہیں، آپ کو اپنا اے آر سی (ARC) دکھانا پڑے۔

اگر آپ کو امیگریشن اینڈ اسائلم ایکٹ کے سیکشن 95 کے تحت اسپورٹ مل رہی ہے تو آپ کو وہ صحت کے سرٹیفکیٹ کا فارم جسے HC2 (ایچ سی ٹو) سرٹیفکیٹ کہتے ہیں، دیں گے۔ یہ فارم یا تو آپ کوآپ کی پہلی رہائش گاہ پر ہی دے دیا جائے گا یا پھر اگلی طویل مدّت کی رہائش میں جانے کے اٹھارہ دن بعد معلومات کے حصے کے طور پر دیا جائے گا۔ اگر آپ Home Office (ہوم آفس) سے اسپورٹ نہیں لے رہے تو آپ کو HC1 (ایچ سی ون) فارم لینا ہوگا۔اس کی تفصیل آپ ڈاکٹر جسے جی پی کہتے ہیں سے لے سکتے ہیں یا پھر ڈیپارٹمنٹ آف ورک اینڈ پنشن کے محکمہ سے لے سکتے ہیں۔HC2 (ایچ سی ٹو) سرٹیفکیٹ عام طور پر چھ مہینے کیلئے کارآمد ہوتا ہے۔ HC2 (ایچ سی ٹو) سرٹیفکیٹ کی تجدید کروانے کیلئے آپ کو ایک نیا HC1 (ایچ سی ون) فارم بھرنا پڑے گا۔ اس کیلئے درخواست درج ذیل ویب سائٹ پر جا کر دی جا سکتی ہے:

http://www.nhsbsa.nhs.uk/HealthCosts/1128.aspx.

آپ اس فارم کو جاب سینٹر، ڈینٹسٹ، آپٹیشن اور فارمیسی سے بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

HC2 (ایچ سی ٹو) فارم آپ کو ان چیزوں کا حقدار بنا دے گا:

- NHS (این ایچ ایس) یعنی محکمہ صحت کے نسخوں کا جو کہ اسکاٹ لینڈ اور ویلز کے رہائشین کے لئے پہلے ہی مفت ہوتے ہیں۔
- NHS (این ایچ ایس) کے ذریعے دانتوں کا علاج جوکہ خوبصورتی سے متعلق نہ ہو۔
- آنکھوں کا ٹیسٹ
- عینک اور کانٹیکٹ لنز کے لئے چشمہ ساز آپ کو بتا دیں گے کہ آپ کس حد تک کی قیمت کے لئے درخواست کرسکتے ہیں۔
- اگر NHS (این ایچ ایس) کے تحت کنسلٹنٹ ڈاکٹر سے آپ کا علاج ہورہا ہو تو اسے دکھانے کے لئے جانے کے ضروری سفری اخراجات مل سکتے ہیں۔
- NHS (این ایچ ایس) کی وِگ اور کپڑے کی بنی امدادی چیزیں، جیسے ریڑھ کی ہڈی یا پیٹ کی اسپورٹ یا جراحی کی بنا پر پہنے جانے والی زنانہ انگیا۔

اگر آپ کے خیال میں آپ کو ٹی بی یعنی تب دق کی تکلیف یا کوئی اور اچھوت سے لگنے والی بیماری ہے تو فوراً علاج کے لئے مدد طلب کریں۔

اگر آپ سکاٹ لینڈ میں عارضی رہائش گاہ میں رہ رہے ہیں ، آپ کو آپ کے جی پی (GP) کے بارے میں معلومات اپنی عارضی رہائش گاہ چھوڑنے سے پہلے مل جائیں گی۔ سکاٹ لینڈ میں، پناہ کے متلاشی (اسائلم سیکرز(این ایچ ایس (NHS) کی سروسز سے اس وقت تک مستفید ہو سکتے ہیں جب تک کہ آپ یو کے میں ہیں، چاہے ان کی پناہ کی درخواست زیر سماعت ہے یا نہیں۔

2.18 Maternity payments (زچگی کی بابت ادائیگی)

ایسی تمام نئی مائیں جواسائلم اسپورٹ پر ہیں ،انہیں نئے بچے کی پیدائش پر اٹھنے والے اخراجات سے نبٹنے کیلئے £300 کی ایک واحد ادائیگی کی جا سکتی ہے۔ اس بارے میں تحریری

درخواست لازمی طور پر بچے کی پیدائش سے زیادہ سے زیادہ آٹھ ہفتے پہلے یا پیدائش کے چھ ہفتے بعد تک دی جانی چاہئے۔ اس کے ہمراہ آپ کو لازماً پیدائش کی متوقع تاریخ کا ثبوت (ایم اے ٹی بی 1فارم) ، یا بچے کا مکمل

برتھ سرٹیفکیٹ منسلک کرنا چاہئے۔ ادائیگی £300 فی بچہ کے حساب سے ملنی چاہئے، چنانچہ اگر جڑواں بچے ہونے والے ہیں تو £600 ادا کئے جائیں گے۔ اگر آپ سیکشن 4 کے تحت امداد (سپورٹ) لے رہے ہیں توآپ £250 کا تقاضا بچے کی پیدائش سے زیادہ سے زیادہ آٹھ ہفتے پہلے یا پیدائش کے چھ ہفتے بعد تک کریں۔

وہ تمام خواتین جو اسائلم سپورٹ وصول کر رہی ہیں اور حاملہ ہیں یا ان کے تین سال سے کم عمر کے بچے ہیں وہ اضافی رقوم کی ادائیگی کی حقدار ہوتی ہیں۔ایک سال کی عمر سےکم کے اطفال کیلئے £5 فی ہفتہ کی اضافی رقم دی جاتی ہے۔حاملہ خواتین اور ایک سے تین سال کی عمر کے اطفال اپنی بنیادی اسائلم سپورٹ کی نقد امداد کے علاوہ اضافی £3 کی ادائیگی کے بھی حقدار ہوتے ہیں۔

Domestic abuse 2.19 (گھریلو تشدد)

(گھریلو تشدد) Domestic abuse کے زمرے میں ایسے ڈرانے دھمکانے والے رویے، تشدد یا گالم گلوچ کے واقعات شامل ہیں جو، بلا لحاظ جنس یا جنسی رویہ کے، ایسے تمام بالغ افراد کے درمیان وقوع پذیر ہوتے ہیں جوایک باہمی تعلق/رشتہ میں بندھے ہوں یا رہے ہوں،ایک خاندان کے افراد ہوں، یا ایسے دوسرے افراد جو ایک ہی گھر/رہائش پر رہتے ہوں یا رہتے رہے ہوں۔

گھریلو تشدد کا شکار کوئی بھی کسی بھی وقت ہو سکتا ہے۔ اس چیز سے بلا لحاظ کہ وہ کس کے ساتھ رہ رہے ہیں یا تشدد کرنے والے فرد سے کیا رشتہ ہے، دونوں مرد یا عورت اس کا شکار ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کو اس قسم کے رویے کے ساتھ رہنا پڑ رہا ہے، چاہے اس کا شکار ہونے کی حیثیت سے یا ایسے رویہ کے شاہد کے طور پر، تو اس بات کو یاد رکھنا بہت ضروری ہے کہ آپ اس بارے میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنے امیگریشن سٹیٹس سے بلا لحاظ گھریلو تشدد سے تحفظ حاصل کرنا ہر ایک کا حق ہے۔

آپ ایسے تشدد کی شکائیت یہاں کر سکتے ہیں: قومی گھریلو تشدد کیلئے 24 گھنٹے چالو ہیلپ لائین (0808 2000 247 ۔اس نمبر پر کال کرنا مفت ہے) ، پولیس، اپنے ڈاکٹر، ہیلتھ وزیٹر، رفیوجی ایجنسی، مقامی سپورٹ گروپ۔

اگر آپ چاہیں توخاص طور پر ایک خاتون ورکر اور/یا خاتون ترجمان سے بات کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ جو بھی معلومات آپ مہیا کریں گے انہیں صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

2.20 اپنی مرضی سے وطن واپس لوٹ جانا (وولینٹری ریٹرن)

(وولینٹری ریٹرن یعنی اپنی مرضی سے وطن واپس لوٹ جانا)

اگر اسکریننگ انٹرویو کے بعد آپ یہ فیصلہ کریں کہ آپ کے حالات بدل گئے ہیں اور اب آپ اسائلم کےکلیم کو چھوڑنا چاہتے ہیں تو آپ Home Office (ہوم آفس) کی طرف سے چلائے گئے اپنی مرضی سے وطن واپس لوٹنے میں مدد کیلئے پروگرام (اسسٹڈ وولینٹری ریٹرن پروگرام) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔مزید معلومات کیلئے وزٹ کریں:

www.gov.uk/return-home-voluntarily
وولینٹری ڈیپارچر ٹیم (Voluntary Departures Team): 0300 004 0202

اگر آپ یہ سوچیں کہ آپ اسائلم کاکلیم نہیں کرنا چاہتے اور یہ کہ آپ ایک بے قاعدہ مہاجر ہیں یعنی یو۔کے میں رہنے کا آپ کا کوئی قانونی حق نہیں ہے اور وطن واپس جانا چاہتے ہیں تو ممکن ہے یہ لوگ آپ کی مدد کرسکیں۔

Home Office (ہوم آفس) کی طرف سے چلایا گیا اپنی مرضی سے وطن واپس لوٹنے میں مدد کیلئے پروگرام (اسسٹڈ وولینٹری ریٹرن پروگرام)

مزید معلومات کیلئے وزٹ کریں:

www.gov.uk/return-home-voluntarily
وولینٹری ڈیپارچر ٹیم (Voluntary Departures Team): 0300 004 0202

2.21 پھر کیا ہوگا؟

اسکریننگ انٹرویو کے بعد تفصیلی انٹرویو لینے کا انتظام کیا جائے گا۔ اس مرحلے پر پہنچنے سے پہلے یہ بات بہت ہی اہم ہے کہ آپ قانونی مشیر سے بات کریں تاکہ اگر آپ کے پاس کوئی اور ثبوت ہوں تو وہ ان کا ترجمہ کراسکیں اور جمع کراسکیں۔ براہِ مہربانی تفصیلی انٹرویو سے پہلے انٹرویو کے بارے میں معلومات کو دیکھ لیں۔

Asylum Help (اسائلم ہیلپ) کے بارے میں شکایت کرنا

کوئی بھی شخص جو Migrant Help (مائیگرنٹ ہیلپ) کو استعمال کرتا ہے اس کے بارے میں شکایت کرسکتا ہے۔

اگر ہماری کسی بھی سروس سے آپ کو مسائل درپیش ہورہے ہوں تو آپ یہ چیزیں کرسکتے ہیں۔

جس قدر جلد ممکن ہوسکے اس معاملے کی بات عملہ کے کسی فرد یا رضاکار سے کردیں۔ اگر اس بلاضابطہ طریقے سے آپ کی شکایت کا تسلی بخش حل نہ نکلے تو آپ Complaint Form (کمپلینٹ فارم یعنی شکایت کا فارم) لے کر تحریری شکایت کرسکتے ہیں۔ آپ Asylum Advice UK (اسائلم ایڈوائس یوکے) یعنی مشورے کے ٹیلیفون پر بات کرسکتے ہیں:646 8000 0808 یا پھر ہماری اس ویب سائیٹ سے ان کا فارم ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں: www.asylumhelpuk.org

جس سروس کے بارے میں آپ شکایت کرنا چاہتے ہیں آپ کو اس کے مینجر کو مخاطب کرنا ہوگا۔ شکایت کےلئے ضروری نہیں کہ انگریزی ہی میں لکھی جائیں۔ آپ اپنی زبان میں بھی یہ لکھ سکتے ہیں، Asylum Help (اسائلم ہیلپ) والے ان کا ترجمہ کرالیں گے۔مینجر شکایت کی تفتیش کریں گے اورآپ کو جواب دیں گے۔ اگر ہم فوراً کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکے تو کام کے دس دن کے اندر ہم مکمل تحریری جواب دیں گے اور اگر شکایت درست کرنے کاکوئی عملی اقدام اٹھایا گیا تو اس کے بارے میں بھی بتا یا جائے گا۔

اگر آپ اپنی شکایت کے جواب پر مطمئن نہ ہوسکے تو آپ اپنی شکایت آگے شکایت کے افسر کے پاس لے جاسکیں گے اور جن کا پتہ ہے:Complaints Officer, Migrant Help, Charlton House, Dover, CT16 1AT اگر ان کے جواب سے بھی آپ مطمئن نہ ہوسکے تو یہ بات ریکارڈ کی جائے گی کہ شکایت کا مسئلہ حل نہیں ہوسکا اور ہم آپ کو ان دوسری تنظیموں کے بارے میں معلومات دیں گے جہاں آپ اپنی شکایت درج کراسکیں گے۔

اس حصے سے متعلق کسی بھی چیز کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کےلئے **Asylum Help** (اسائلم ہیلپ) سے رابطہ کریں ان کی ویب سائیٹ کا پتہ ہے:

www.asylumhelpuk.org

Asylum Advice UK (اسائلم ایڈوائس یوکے) کا ٹیلیفون نمبر ہے:
0808 8000 646

Asylum Support Application UK (اسائلم اسپورٹ اپلی کیشن یوکے) کا ٹیلیفون نمبر یہ ہے:
0808 8000 647